**بقیہ 1**

پاتے ہیں اس لیے اب نوجوانوں کو دوسرے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ اس موقع پر ایجوکیشن یوکے اسلام آباد کے ڈائریکٹر عدیل بٹ نے کہا کہ یہ ادارہ گزشتہ 4 سالوں سے کام کر رہا ہے اور سینکڑوں طالب علموں کو بیرون تعلیم کے لیے بھجوا چکا ہے۔ ایجوکیشن یوکے راولاکوٹ کے ڈائریکٹر ندیم اشرف نے کہا کہ ہمارے طالب علم بیرون جانے کے لیے ایجنٹوں کی چکنی چپڑی باتوں میں آ کر لاکھوں کا نقصان کر بیٹھتے ہیں اور ہاتھ بھی کچھ نہیں آتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بااعتماد فرم کا انتخاب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کنسلٹنسی سروسز فری ہیں۔ اسٹوڈنٹ رہنمائی کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پروگرام میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادر سردار وقاص جمیل، پرنسپل و عہدے دار پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن خرم شہزاد، سرپرست اعلیٰ القرآن ٹرسٹ راولاکوٹ سردار محمد اسحاق خان، پرنسپل اسلامک وسائنٹیفک اسکول ظفر اقبال، سی آر ایم لائیڈ اسکول آزاد کشمیر زون ماجد علی، اسسٹنٹ رجسٹرار ویمن یونیورسٹی باغ طاہر یوسف، معروف صحافی آصف اشرف، ڈاکٹر یاسر رفیق، بلال نواز، محمد مبین الحق، حافظ مذبر سمیت عوام علاقہ نے شرکت کی۔

**بقیہ 2**

وزیراعظم پاکستان سے ملاقات طے ہوئی ہے اور حکومت میں شمولیت کا کوئی معاملہ زیر غور ہے پاکستان مسلم لیگ (ن) ...

